© rasailojaraid.com



تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے بھیجنا ضروری ہے

کتابیں مرکزی دفتر وفاق ملتان کے پتے پر ارسال کیجیے

## درسِ حدیث (6 جلد)

ترتیب وکاوش: مجلس تحقیقات اسلامیہ۔طباعت: مناسب: قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: ادارہ تالیفات اشرفیہ، چوک فوارہ ملتان۔فون 0322-6180738

''درسِ حدیث'' کا یہ مجموعہ ادارہ تالیفات اشرفیہ کے ذیلی ادارہ مجلس تحقیقات اسلامیہ کا مرتب کردہ ہے۔ یہ مرتب شدہ مجموعہ مختلف دینی کتب سے اخذ واستفادہ کا نتیجہ ہے۔ جسے عوامی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔عرض مرتب میں لکھا گیا ہے کہ:

''چوں کہ یہ درس حدیث عوام الناس کی دینی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، اس لیے اس کی ترتیب کتب فقہ کے مطابق رکھی گئی ہے۔''درس حدیث'' کی پہلی جلد وضو، غسل، نماز، مسجد، جمعہ وعیدین اور نماز کے خشوع وخضوع سے متعلق ضروری تفصیلات پر مشتمل ہے۔اس مجموعہ حدیث (جلد اول) میں فضائل اعمال، البشیر والنذیر، اصلاحی خطبات (مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم) فقہی رسائل (مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہم) اصلاحی مضامین (مولانا مفتی عبدالقادر رحمہ اللہ) معارف الحدیث (مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ) سے انتخاب و اقتباس کیا گیا ہے۔

حصہ دوم کا ماخذ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کی کتاب ''حیاۃ المسلمین'' ہے حصہ سوم کا ماخذ شیخ ابوبکر الجزائری کی تصنیف کتاب المسجد وبیت المسلم کے اردو ترجمہ سے مرتب کی گئی ہے۔حصہ چہارم مولانا ولی اللہ صدیقی کی تالیف توشۂ آخرت سے استفادہ کرتے ہوئے ترتیب دی گئی ہے۔

حصہ پنجم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمہ اللہ کی مقبول عام تصنیف فضائل اعمال سے مرتب کیا گیا ہے۔

درس حدیث کا یہ مجموعہ چوں کہ احادیث کے ترجمہ وتشریح اور اکابر امت کے افادات پر مشتمل ہے اس لیے اس



© rasailojaraid.com